# پری فزیبلیٹی تحقیق

## ( کمرشل کشیدہ کاری/ایمبرائیڈری یونٹ )

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk


**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 36304926-7 42 92

helpdesk@smeda.org.pk


ستمبر 2014


**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور:3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: 111-111-456 (042)
فیکس نمبر: 7-36304926(0423)
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: 111-111-456 (021)
فیکس نمبر: 35610572 (021)
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون: 9213046-47 (091)
فیکس نمبر: 286908 (091)
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081)
فیکس نمبر: 2831922 (081)
helpdesk-qta@smeda.org.pk

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | اجمالی جائزہ | 2 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 4 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 5 |
| 4 | پیداواری گردش عمل | 5.1 |
| 4 | ابتدائی و عملی استعداد | 5.2 |
| 5 | انتہائی قابل توجہ امور | 6 |
| 5 | جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع | 7 |
| 5 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 8 |
| 6 | منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ | 9 |
| 6 | معاشی کیفیت | 9.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 9.2 |
| 7 | کل لاگت کاروبار | 9.3 |
| 7 | درکار زمین | 9.4 |
| 8 | درکار مشینری اور آلات | 9.5 |
| 8 | درکار فرنیچر اور فکسچرز | 9.6 |
| 8 | درکار دفتری آلات | 9.7 |
| 9 | درکار خام مال | 9.8 |
| 9 | درکار افرادی قوت | 9.9 |
| 10 | متفرق لاگتیں | 9.10 |
| 10 | آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 9.11 |
| 10 | ماہرین ومشیران | 10 |
| 10 | مشینری کے سپلائرز | 10.1 |
| 10 | خام مال کے سپلائرز | 10.2 |
| 11 | کارآمد روابط | 11 |
| 12 | ضمیمہ جات | 12 |
| 12 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 12.1 |
| 13 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 12.2 |
| 14 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 12.3 |
| 15 | کلیدی مفروضے | 13 |
| 15 | روزہ مرہ کے اخراجات کا مفروضہ | 13.1 |
| 15 | آمدنی کے مفروضات | 13.2 |
| 15 | مالیاتی مفروضات | 13.3 |

## 1۔ اظہارِ لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں۔ سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**دستاویز**

| | |
|---|---|
| دستاویز نمبر | پری فزیبلٹی نمبر 42 |
| دوہرائی | نمبر 2 |
| تیار کردہ | سمیڈا پنجاب |
| تاریخ دوہرائی | ستمبر 2014ء |
| مزید معلومات | پراونشل چیف پنجاب<br>janjua@smeda.org.pk |

## 2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

شہری آبادی اور بدلتے ہوئے طرز زندگی میں کمرشل کشیدہ کاری/ ایمبرائیڈری میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اگرچہ کچھ مقامی مینوفیکچررز اچھے اور معیاری کشیدہ کاری والے ملبوسات تیار کر رہے ہیں لیکن پاکستان میں کپڑوں پر کشیدہ کاری کے کاروبار میں ابھی بھی ممکنہ سرمایہ کاری کی بڑی طلب موجود ہے۔

یہ مخصوص پری فزیبلٹی تحقیق دونوں صنفوں (مرد و عورت) کے کپڑوں پر کشیدہ کاری کا یونٹ قائم کرنے کیلئے تیار کی گئی ہے۔ اس کاروبار کی توجہ کا مرکز کپڑوں، بیڈشیٹس، میز اور صوفہ کے کپڑوں پر اعلیٰ معیار کی کشیدہ کاری کر کے معیاری مصنوعات تیار کرنا ہوگا۔ ان تمام مصنوعات کو پاکستان کے بڑے شہروں میں ہول سیل (تھوک فروشوں) اور پرچون کی دکانوں پر فروخت کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔

مجوزہ کاروبار کو ترجیحاً پاکستان کے کسی بھی بڑے شہر میں شروع کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔ ابتدائی سرمایہ کاری کو کم کرنے کیلئے مجوزہ یونٹ کو کرایہ کی زمین پر شروع کیا جائے گا۔ مجوزہ سلائی مشین ایک گھنٹے میں 20,883 سِلائیاں (Stitches) کر سکتی ہے۔ یہ یونٹ سال کے 330 قابل عمل دنوں میں 16 گھنٹے روزانہ 2 سلائی مشینوں کے ذریعے 220 ملین سِلائیاں (Stitches) کرے گا۔ تاہم ابتدائی پیداواری صلاحیت 70 فیصد فرض کی گئی ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ عملی استعداد 95 فیصد ہے۔ پیداواری صلاحیت کا یہ اندازہ اقتصادی طور پر قابل عمل ہے اور منصوبے کی مستقل اخراجاتی لاگت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ تاہم کاروباری شخص کا کپڑے کی صنعت کے متعلق علم ہونا، معیاری ملبوسات، دلکش ڈیزائن، مسابقتی قیمت، سپلائرز اور ہول سیلرز کے ساتھ روابط اس پراجیکٹ کی ترقی کیلئے اہم عناصر ہیں۔

مجوزہ کمرشل کشیدہ کاری/ ایمبرائیڈری یونٹ کی کل لاگت کا تخمینہ 20.74 ملین ہے جس میں 13.76 ملین مستقل لاگت اور 6.99 ملین گردشی سرمایہ ہے۔ اس پراجیکٹ کیلئے 50 فیصد قرض اور 50 فیصد ذاتی سرمائے سے سرمایہ کاری کی جائے گی۔ منصوبہ کی موجودہ قدر حاصل NPV تقریباً 29.11 ملین ہے۔ اندرونی شرح منافع 39 فیصد اور کل مدت واپسی 3.41 سال ہے۔ یہ منصوبہ بالواسطہ طور پر 13 افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرے گا جس میں مالک/ مینجر شامل ہیں۔ اس پراجیکٹ کی قانونی حیثیت فرد واحد تجویز کی جاتی ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز زڈویلپمنٹ اتھارٹی(SMEDA) کا قیام اکتوبر1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرنظر دستاویز میں تجارتی بنیادوں پر کشیدہ کاری کا یونٹ قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تا کہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کرسکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسر نہیں ہیں۔لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد از اں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ منصوبے کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT)

مجوزہ پراجیکٹ کو چھوٹے پیمانے پر کمرشل کشیدہ کاری یونٹ کے طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ یونٹ مقامی گارمنٹس اور کپڑے کے مینوفیکچرز کو اپنی خدمات فراہم کرے گا اور اس کے ساتھ ساتھ ان گارمنٹس مینوفیکچرز کو جو برآمدات کا کام کرتے ہیں اور انہیں اپنے گارمنٹس پر کشیدہ کاری کے کام کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ پراجیکٹ اس طرح سے بے حد لچکدار ہے کہ اس میں خام مال کی پراسیسنگ کی ضرورت نہیں ہوتی اور ہر مشین اپنا عمل علیحدہ سے سرانجام دیتی ہے۔ یہ منصوبہ صرف ایک مشین سے بھی شروع کیا جاسکتا ہے۔تاہم ممکنہ مواقع اور صنعتی اطوار کے پیش نظر یہ پراجیکٹ دو یا چار مشینوں سے زیادہ موزوں اور منافع بخش ہوسکتا ہے۔


کمرشل کشیدہ کاری/ ایمبرائیڈری کے یونٹس کی تعداد میں اضافے اور مقابلے کی وجہ سے مارکیٹ میں قیمتوں میں کمی کا امکان ہوسکتا ہے۔تاہم گاہکوں کو مختلف اضافی قدری سہولیات مہیا کر کے اس صورتحال سے نمٹا جاسکتا ہے۔

اس کاروبار کیلئے ایک دوسرا بڑا خطرہ مارکیٹ میں ادھار کا عنصر ہے۔اس کا تعلق مارکیٹ میں مسابقت سے بھی ہے۔گاہک لمبے عرصے کیلئے ادھار کی سہولت مانگ سکتے ہیں اور اس سے نقد (Cash) کا نظام متاثر ہوسکتا ہے۔تمام صارفین کیلئے یکجا پالیسی بنا کر اس سے بچا جاسکتا ہے۔لہٰذا گاہکوں کی طرف سے نہ تو کوئی شکایات ہوں گی اور نہ ہی نقد(Cash) کا نظام متاثر ہوگا۔

## 5.1۔ پیداواری گردش عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

کمرشل کشیدہ کاری یونٹ کی پیداوار کا عمل مارکیٹ سے کپڑے کی خریداری سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے بعد ڈیزائننگ اور ٹریسنگ کا مرحلہ آتا ہے۔ ڈیزائن کی تیاری یا تو ڈیزائنر کو ملازمت پر رکھ کر کی جاتی ہے یا پھر باہر سے تیار کروایا جائے گا۔ ڈیزائننگ کے مرحلے کی تکمیل کے بعد ڈیزائن کو مشین پر لوڈ کر دیا جاتا ہے اور پھر کشیدہ کاری والے دھاگے کی مدد سے کپڑے پر مشین کے ذریعے کشیدہ کاری کی جاتی ہے۔ آخری مرحلے میں کشیدہ کاری کیئے ہوئے کپڑے کو پیک کیا جاتا ہے اور گاہکوں کو پہنچا دیا جاتا ہے

**فگر نمبر 1: پروڈکشن پراسس فلو**




## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

کمرشل کشیدہ کاری کے یونٹ کی ابتدائی و عملی استعداد کا انحصار بنیادی طور پر نصب شدہ مشینری پر ہوگا۔

اس پری فزیبلٹی تحقیق کی بنیاد یونٹ کی پیداواری استعداد 666,667 سلائیاں (Stitches) روزانہ، 16 گھنٹے کام کی بنیاد پر ہوگی۔ جبکہ یونٹ کی زیادہ سے زیادہ پیداواری استعداد 95 فیصد 633,333 سلائیاں (Stitches) روزانہ اور 209,000,000 سلائیاں سالانہ فرض کی گئی ہیں۔ تاہم عمل کے پہلے سال میں یونٹ 70 فیصد استعداد یا صلاحیت کے ساتھ کام کرے گا اور 466,667 ٹانکوں کی سلائی (Stitches) روزانہ کرے گا۔

پراڈکٹ مکس کے مطابق ابتدائی اور عملی استعداد کی تفصیلات مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہیں:

**جدول نمبر 1: ابتدائی و عملی استعداد**

| کل پیداواری صلاحیت (سالانہ) | پیداواری صلاحیت 70 فیصد (پہلے سال) | زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت 95 فیصد (8 سال) |
|---|---|---|
| 220,000,000 | 154,000,000 | 209,000,000 |

## 6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

مندرجہ ذیل نکات کاروبار کی کامیابی کیلئے یقینی بنائے جائیں۔

☆......اعلیٰ معیار کی مستقل مزاجی سے یقین دہانی

☆......مصنوعات کی بروقت فراہمی

☆......مسابقتی قیمت

☆......بہتر انتظام کے ذریعے لاگت میں کمی

☆......بھرپور مارکیٹنگ

☆......پرکشش ڈیزائن

☆......برآمد کنندگان کے ساتھ روابط

## 7۔ جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

کشیدہ کاری کی صنعت اور مشینیں فروخت کرنے والوں کی طرف سے دیئے جانے والے اندازے کے مطابق پاکستان میں ہزاروں کی تعداد میں کشیدہ کاری کی مشینیں کام کر رہی ہیں۔کشیدہ کاری کی فیکٹریاں زیادہ تر کراچی، لاہور، فیصل آباد اور سیالکوٹ میں واقع ہیں۔ چند فیکٹریاں حیدرآباد، ملتان اور راولپنڈی میں بھی موجود ہیں۔ لہٰذا مندرجہ بالا شہروں میں سے کوئی ایک شہر کمرشل کشیدہ کاری کا یونٹ قائم کرنے کیلئے موزوں ہوگا۔ خام مال اور کاریگر بھی ان شہروں میں آسانی سے دستیاب ہیں۔

## 8۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

پاکستانی کشیدہ کاری کی مانگ دنیا بھر میں تیزی سے بڑھ رہی ہے۔سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، انگلینڈ، امریکہ، بیلجیئم اور اومان سے آرڈر موصول ہو رہے ہیں۔ عالمی مارکیٹ میں بالخصوص مشرق وسطیٰ میں پاکستان مقابلہ کرنے کی بے شمار صلاحیت رکھتا ہے۔تھوڑی سی کوشش سے ان منڈیوں میں معقول حصہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کشیدہ کاری کی مصنوعات کیلئے مارکیٹ مندرجہ ذیل ہیں:

### 8.1۔ مقامی مارکیٹ

صنعتی اندازے کے مطابق کشیدہ کاری کی تقریباً 70 فیصد مصنوعات مقامی مارکیٹ میں استعمال ہو رہی ہے۔مصنوعات میں عورتوں اور مردوں کے سوٹ، میز اور صوفہ کے کور، بیڈ شیٹس، بیجز، لوگو، ٹی شرٹ اور ٹوپیاں وغیرہ شامل ہیں۔

### 8.2۔ برآمدی/ بیرون ملک مارکیٹ

کشیدہ کاری کی تقریباً 30 فیصد مصنوعات مختلف ممالک کو برآمد کی جاتی ہیں۔ان مصنوعات میں ٹی شرٹس، ٹوپیاں، بیجز، لوگو، مردوں اور عورتوں کے سوٹ شامل ہیں۔

## 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

تجارتی کشیدہ کاری کے یونٹ کی کاروباری عمل پذیری کو جانچنے کیلئے ایک تفصیلی ماڈل ترتیب دیا گیا ہے۔اخراجات اور آمدنی سے تعلق رکھنے والے مفروضہ جات،ان کے نتائج اور تجزیئے کے ساتھ مہیا کئے گئے ہیں۔

اس کاروبار کے متعلق آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)، گردش نقد کا گوشوارہ ( کیش فلو سٹیٹمنٹ) اور نفع ونقصان کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) ضمیمہ جات کے طور پر لف کی گئی ہیں۔

### 9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

مندرجہ ذیل جدول اندرونی شرح منافع ،قرض کی مدت واپسی اور موجودقدر حاصل کے بارے میں معلومات مہیا کرتا ہے:

**جدول نمبر 2: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 39 فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی (Payback Period) | 3.41 سال |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 29,111,957 روپے |

منصوبے میں سرمایہ کاری پر واپسی اور منافع کا انحصار کاروباری شخص کی ہنر مند افراد کی تقرری اور اعلیٰ معیار کو ڈیزائن ،کوالٹی اور کسٹمر سروسز کی صورت میں برقرار رکھنے پر ہو گا۔

### 9.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک قرض سے متعلق متغیر کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 3: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ (50 فیصد) | 10,371,629 روپے |
| بینک کا قرضہ (50 فیصد) | 10,371,629 روپے |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع ( سالانہ ) (طویل المدتی) | 16 فیصد |
| قرضہ کی مدت | 5 سال |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع ( سالانہ ) (قلیل المدتی ) | 16 فیصد |

## 9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

مجوزہ کاروبار کو چلانے کے لئے مندرجہ ذیل درکار مستقل اور گردشی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 4: کل لاگت کاروبار**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| مشینری اور آلات | 12,705,000 |
| فرنیچر اور فکسچر ز | 569,000 |
| دفتری آلات | 102,000 |
| قبل از پیداوار لاگت | 380,538 |
| **کل مستقل لاگت** | **13,756,538** |
| **گردشی سرمایہ** | |
| آلات، سپئیر پارٹس انوینٹری | 30,747 |
| خام مال کی انوینٹری | 5,516,806 |
| بلڈنگ کا پیشگی کرایہ | 432,000 |
| نقد | 1,007,168 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **6,986,721** |
| **کل لاگت کاروبار** | **20,743,259** |

## 9.4۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

مستقل لاگت کو کم کرنے کیلئے تجویز کردہ کشیدہ کاری کے مجوزہ یونٹ کو کرائے کی زمین پر قائم کیا جائے گا لہٰذا زمین کو انڈسٹریل اسٹیٹ یا بڑے شہروں کے مضافات میں حاصل کیا جا سکتا ہے جہاں ہنر مند کاریگر دستیاب ہیں۔ بلڈنگ کا کرایہ یونٹ کے رقبہ اور جغرافیائی محل وقوع پر منحصر ہوگا۔ مجوزہ کاروبار کیلئے اندازاً 10 مرلے (2,250 مربع فٹ) رقبہ درکار ہوگا۔

رقبے کی ضرورت کا تخمینہ پیداوار، انتظامیہ اور ذخیرہ کرنے کیلئے درکار جگہ کے حساب سے لگایا گیا ہے۔ تاہم، صنعت میں کام کرتے ہوئے یونٹ کسی خاص رجحان کی پیروی نہیں کرتے۔ مندرجہ ذیل جدول میں منصوبے کیلئے درکار زمین کی تفصیلات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 5: درکار زمین**

| مندرجات | رقبہ (فی مربع فٹ) |
|---|---|
| انتظامیہ کے لئے بلڈنگ | 400 |
| پروڈکیشن کیلئے رقبہ | 1,300 |
| سٹور | 500 |
| واش روم | 50 |
| **کل رقبہ** | **2,250** |

اس مخصوص پری فزیبلٹی تحقیق میں یونٹ کیلئے زمین کے کرائے کا تخمینہ 72,000 روپے ماہانہ (32 روپے فی مربع فٹ) کے حساب سے لگایا گیا ہے۔

## 9.5۔ درکار مشینری اور آلات (MACHINERY AND EQUIPMENT REQUIREMENT)

مندرجہ ذیل جدول ایک درمیانے درجے کے تجارتی بنیادوں پر کشیدہ کاری کے یونٹ میں درکار مشینری اور آلات کی تفصیل فراہم کرتا ہے:

جدول نمبر 6: درکار مشینری اور آلات

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| ایمبرائیڈری مشین | 2 | 6,200,000 | 12,400,000 |
| یو پی ایس (مشینوں کیلئے) | 2 | 40,000 | 80,000 |
| جنریٹر (7,000 واٹ) | 1 | 100,000 | 100,000 |
| ایئر پریشر مشین (ایگزاسٹ فین) | 1 | 125,000 | 125,000 |
| **ٹوٹل** | | | **12,705,000** |

## 9.6۔ درکار فرنیچر اور فکسچر ز (FURNITUER AND FIXTURE REQUIREMENT)

تجارتی بنیادوں پر کشیدہ کاری کے اس یونٹ میں فرنیچر اور فکسچر ز کے متعلق تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے:

جدول نمبر 7: درکار فرنیچر اور فکسچر ز

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| مالک/ مینجر کیلئے میز اور کرسی | 1 | 15,000 | 15,000 |
| کمپیوٹر ٹیبل | 3 | 10,000 | 30,000 |
| وزیٹرز کیلئے صوفہ سیٹ | 1 | 15,000 | 15,000 |
| کرسیاں | 5 | 3,800 | 19,000 |
| پنکھے اور لائٹیں | 1 | 40,000 | 40,000 |
| ایئر کنڈیشنر (1.5 ٹن سپلٹ) | 3 | 60,000 | 180,000 |
| آگ بجھانے والا آلہ | 1 | 20,000 | 20,000 |
| دفتر کی تزئین و آرائش | 1 | 250,000 | 250,000 |
| **ٹوٹل** | | | 569,000 |

## 9.7۔ درکار دفتری آلات (OFFICE EQUIPMENT REQUIRED)

مجوزہ یونٹ میں درکار دفتری آلات کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں فراہم کی گئی ہے:

جدول نمبر 8: درکار دفتری آلات

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹر بمعہ یو پی ایس | 2 | 35,000 | 70,000 |
| کمپیوٹر پرنٹر | 2 | 15,000 | 30,000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٹیلی فون | 2 | 1,000 | 2,000 |
| **ٹوٹل** | | | **102,000** |

## 9.8۔ درکار خام مال (RAW MATERIAL REQUIREMENT)

یونٹ میں بنیادی خام مال دھاگا اور سیکونس(Sequence) ہیں جو مارکیٹ میں آسانی سے دستیاب ہے۔مندرجہ ذیل جدول کشیدہ کاری کے اس یونٹ میں درکار خام مال کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر9:** درکار خام مال

| مندرجات | لاگت یونٹ (روپے) |
|---|---|
| کون | 75 |
| سیکونس دھاگہ | 45 |
| چمکیلا دھاگہ (گولڈ کلر) | 350 |
| چمکیلا دھاگہ (سلور کلر) | 1,100 |

## 9.9۔ درکار افرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

تجارتی بنیادوں پر کشیدہ کاری کے یونٹ کو باآسانی چلانے کیلئے درکار افرادی قوت کی تفصیلات، ملازمین کی تعداد ان کی ماہانہ تنخواہوں کے ساتھ مندرجہ ذیل جدول میں فراہم کی گئی ہیں:

**جدول نمبر10:** درکار افرادی قوت

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | تنخواہ (ماہانہ) |
|---|---|---|
| سی ای او/ مالک/ مینیجر | 1 | 35,000 |
| سپروائزر/ پروڈکشن انچارج | 1 | 30,000 |
| مشین آپریٹر | 2 | 20,000 |
| کلپرز | 2 | 12,000 |
| ہیلپر | 2 | 12,000 |
| آفس بوائے | 2 | 12,000 |
| گارڈ | 2 | 12,000 |
| اکاؤنٹنٹ | 1 | 20,000 |

یہ فرض کیا گیا ہے کہ مالک کے پاس پہلے سے کمرشل ایمبرائیڈری کے کاروبار کے متعلق تجربہ یا علم موجود ہوگا۔ ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد سالانہ اضافے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

## 9.10۔ متفرق لاگتیں ( OTHER COSTS)

اس کاروبار میں اہم ترین لاگت بجلی کی قیمت ہے جس کا سالانہ تخمینہ 1,128,325 روپے لگایا گیا ہے۔اس کاروبار کیلئے مارکیٹنگ اور تشہیری اخراجات کو ضروری قرار دیا گیا ہے جو کل آمدنی کا 1 فیصد (1,549,625 روپے) ہوں گے۔جس کو سالانہ مارکیٹنگ اور تشہیری اخراجات پر خرچ کیا جائے گا۔اسی طرح عمل کے پہلے سال مواصلات اور دفتری اخراجات کا تخمینہ 123,600 روپے لگایا گیا ہے۔مشینری اور آلات کی بحالی کے اخراجات 0.5 روپے فی سلائی فرض کئے گئے ہیں۔

## 9.11۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

مندرجہ ذیل جدول میں تجارتی بنیادوں پر قائم کشیدہ کاری کے یونٹ میں عمل کے پہلے سال میں آمدنی اور لاگتوں کے متعلق مفروضات کی تفصیل فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 11: آمدن۔متوقع آمدن اور پیداوار (پہلے سال)**

| پہلے سال میں پیداوار | فنش گڈز انوینٹری | 1 سال میں فروخت کئے جانیوالے یونٹس | اوسطاً قیمت فروخت (یونٹ/روپے) | آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| 154,000,000 | 6,416,667 | 147,583,333 | 1.05 | 154,962,500 |

## 10۔ ماہرین ومشیران (CONTACT DETAILS)

ممکنہ سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے پرائیویٹ سیکٹر میں خدمات فراہم کرنے والوں سے روابط کیلئے معلومات ذیل میں دی گئی ہیں:

### 10.1۔ مشینری کے سپلائرز

| سپلائر کا نام | پتہ | فون | فیکس |
|---|---|---|---|
| المرتضیٰ مشینری پرائیویٹ لمیٹڈ | 84 جے۔1 ایم اے جوہر ٹاؤن لاہور | +92-42-35316171 | www.al-murtazamachines.com |

### 10.2۔ خام مال کے سپلائرز

| سپلائرز | پتہ |
|---|---|
| اعظم کلاتھ مارکیٹ | لاہور |
| رنگ محل | لاہور |
| مدینہ مارکیٹ | کراچی |
| گھنٹہ گھر چوک | فیصل آباد |
| حسین آگاہی بازار | ملتان |
| گنج بازار | بہاولپور |

## 11۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

| | |
|---|---|
| www.smeda.org.pk | سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) |
| www.pakistan.gov.pk | گورنمنٹ آف پاکستان |
| www.moip.com.pk | منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن |
| http://moptt.gov.pk | منسٹری آف ایجوکیشن، ٹریننگ اینڈ سٹینڈرڈز ان ہائر ایجوکیشن |
| www.punjab.gov.pk | گورنمنٹ آف پنجاب |
| www.sindh.gov.pk | گورنمنٹ آف سندھ |
| www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk | گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا |
| www.balochistan.gov.pk | گورنمنٹ آف بلوچستان |
| www.gilgitbaltistan.gov.pk | گورنمنٹ آف گلگت بلتستان |
| wwwlajk.gov.pk | گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر |
| www.tdap.gov.pk | ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) |
| www.secp.gov.pk | سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) |
| www.fpcci.com.pk | فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) |
| www.sbp.org.pk | سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) |
| www.psic.gop.pk | پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.ssic.gos.pk | سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.pvtc.gop.pk | پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل (پی وی ٹی سی) |
| www.tevta.org | ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹی ای وی ای ٹی اے) |
| www.pie.com.pk | پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ (پی آئی ای) |
| www.fiedmc.com.pk | فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (ایف آئی ای ڈی ایم سی) |
| www.gtdmc.org.pk | پاکستان انسٹیٹیوٹ آف فیشن ڈیزائن (پی آئی ایف ڈی) |
| www.pfdc.org | پاکستان فیشن ڈیزائن کونسل (پی ایف ڈی سی) |
| www.textile.gov.pk | منسٹری آف ٹیکسٹائل انڈسٹری |
| www.prgmea.org | پریگمیا (پاکستان ریڈی میڈ گارمنٹ مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن) |

## 12۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

## 12.1۔ آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 154,962,500 | 190,045,625 | 223,025,688 | 260,701,306 | 303,681,792 | 352,651,362 | 388,769,061 | 427,645,968 | 470,410,564 | 517,451,621 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Cost of goods sold 1 | 132,403,333 | 162,379,119 | 190,558,002 | 222,748,871 | 259,472,334 | 301,313,000 | 332,172,749 | 365,390,024 | 401,929,026 | 442,121,929 |
| Cost of goods sold 2 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Operation costs 1 (direct labor) | 2,714,000 | 3,106,547 | 3,417,796 | 3,760,153 | 4,136,733 | 4,550,962 | 5,017,061 | 5,518,767 | 6,070,644 | 6,677,708 |
| Operating costs 2 (machinery maintenance) | 737,917 | 904,979 | 1,062,027 | 1,241,435 | 1,446,104 | 1,679,292 | 1,851,281 | 2,036,409 | 2,240,050 | 2,464,055 |
| Operating costs 3 (direct electricity) | 734,965 | 901,359 | 1,057,779 | 1,236,469 | 1,440,319 | 1,672,575 | 1,843,876 | 2,028,264 | 2,231,090 | 2,454,199 |
| Total cost of sales | 136,590,215 | 167,292,004 | 196,095,605 | 228,986,928 | 266,495,490 | 309,215,830 | 340,884,967 | 374,973,464 | 412,470,810 | 453,717,891 |
| Gross Profit | 18,372,285 | 22,753,621 | 26,930,083 | 31,714,378 | 37,186,302 | 43,435,532 | 47,884,094 | 52,672,504 | 57,939,754 | 63,733,729 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 1,236,000 | 1,359,600 | 1,495,560 | 1,645,116 | 1,809,628 | 1,990,590 | 2,189,649 | 2,408,614 | 2,649,476 | 2,914,423 |
| Administration benefits expense | 123,600 | 135,960 | 149,556 | 164,512 | 180,963 | 199,059 | 218,965 | 240,861 | 264,948 | 291,442 |
| Land lease rental expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Building rental expense | 864,000 | 950,400 | 1,045,440 | 1,149,984 | 1,264,982 | 1,391,481 | 1,530,629 | 1,683,692 | 1,852,061 | 2,037,267 |
| Electricity expense | 393,360 | 432,696 | 475,966 | 523,562 | 575,918 | 633,510 | 696,861 | 766,547 | 843,202 | 927,522 |
| Travelling expense | 370,800 | 407,880 | 448,668 | 493,535 | 542,888 | 597,177 | 656,895 | 722,584 | 794,843 | 874,327 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 123,600 | 135,960 | 149,556 | 164,512 | 180,963 | 199,059 | 218,965 | 240,861 | 264,948 | 291,442 |
| Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc.) | 123,600 | 135,960 | 149,556 | 164,512 | 180,963 | 199,059 | 218,965 | 240,861 | 264,948 | 291,442 |
| Promotional expense | 1,549,625 | 1,900,456 | 2,230,257 | 2,607,013 | 3,036,818 | 3,526,514 | 3,887,691 | 4,276,460 | 4,704,106 | 5,174,516 |
| Professional fees (legal, audit, consultants, etc.) | 774,813 | 950,228 | 1,115,128 | 1,303,507 | 1,518,409 | 1,763,257 | 1,943,845 | 2,138,230 | 2,352,053 | 2,587,258 |
| Depreciation expense | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 |
| Amortization of pre-operating costs | 76,108 | 76,108 | 76,108 | 76,108 | 76,108 | - | - | - | - | - |
| Bad debt expense | 1,549,625 | 1,900,456 | 2,230,257 | 2,607,013 | 3,036,818 | 3,526,514 | 3,887,691 | 4,276,460 | 4,704,106 | 5,174,516 |
| Subtotal | 8,522,730 | 9,723,304 | 10,903,651 | 12,236,972 | 13,742,057 | 15,363,819 | 16,787,756 | 18,332,771 | 20,032,288 | 21,901,757 |
| Operating Income | 9,849,555 | 13,030,317 | 16,026,431 | 19,477,406 | 23,444,244 | 28,071,713 | 31,096,339 | 34,339,733 | 37,907,466 | 41,831,972 |
| Other income (interest on cash) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Interest & Taxes | 9,849,555 | 13,030,317 | 16,026,431 | 19,477,406 | 23,444,244 | 28,071,713 | 31,096,339 | 34,339,733 | 37,907,466 | 41,831,972 |
| Interest on short term debt | 128,537 | 128,537 | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 1,043,594 | 876,985 | 682,077 | 454,061 | 187,316 | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | 530,024 | 445,406 | 346,416 | 230,610 | 95,135 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 1,702,154 | 1,450,928 | 1,028,492 | 684,672 | 282,450 | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 8,147,400 | 11,579,389 | 14,997,939 | 18,792,734 | 23,161,794 | 28,071,713 | 31,096,339 | 34,339,733 | 37,907,466 | 41,831,972 |
| Tax | 2,074,089 | 3,275,285 | 4,471,778 | 5,799,956 | 7,329,127 | 9,047,599 | 10,106,218 | 11,241,406 | 12,490,112 | 13,863,690 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **6,073,311** | **8,304,103** | **10,526,161** | **12,992,778** | **15,832,667** | **19,024,114** | **20,990,121** | **23,098,327** | **25,417,354** | **27,968,283** |

## 12.2۔اثاثوں اورواجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

**Balance Sheet**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 1,007,168 | - | 3,826,897 | 9,606,392 | 16,741,921 | 25,216,327 | 39,419,443 | 54,941,335 | 71,696,820 | 89,359,968 | 159,666,054 |
| Accounts receivable | | 6,368,322 | 7,089,208 | 8,487,767 | 9,939,596 | 11,596,913 | 13,486,298 | 15,234,666 | 16,775,651 | 18,453,216 | 20,298,538 |
| Finished goods inventory | | 5,938,705 | 6,989,917 | 8,191,983 | 9,564,565 | 11,129,742 | 12,912,309 | 14,203,540 | 15,623,894 | 17,186,284 | 18,904,912 |
| Equipment spare part inventory | 30,747 | 41,478 | 53,544 | 68,848 | 88,218 | 112,688 | 136,652 | 165,349 | 200,073 | 242,088 | - |
| Raw material inventory | 5,516,806 | 7,442,376 | 9,607,299 | 12,353,281 | 15,828,893 | 20,219,483 | 24,519,345 | 29,668,408 | 35,898,773 | 43,437,516 | - |
| Pre-paid annual land lease | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Pre-paid building rent | 432,000 | 475,200 | 522,720 | 574,992 | 632,491 | 695,740 | 765,314 | 841,846 | 926,030 | 1,018,633 | - |
| Total Current Assets | 6,986,721 | 20,266,081 | 28,089,585 | 39,283,263 | 52,795,684 | 68,970,894 | 91,239,362 | 115,055,144 | 141,121,242 | 169,697,705 | 198,869,504 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Machinery & equipment | 12,705,000 | 11,434,500 | 10,164,000 | 8,893,500 | 7,623,000 | 6,352,500 | 5,082,000 | 3,811,500 | 2,541,000 | 1,270,500 | - |
| Furniture & fixtures | 569,000 | 512,100 | 455,200 | 398,300 | 341,400 | 284,500 | 227,600 | 170,700 | 113,800 | 56,900 | - |
| Office equipment | 102,000 | 91,800 | 81,600 | 71,400 | 61,200 | 51,000 | 40,800 | 30,600 | 20,400 | 10,200 | - |
| Total Fixed Assets | 13,376,000 | 12,038,400 | 10,700,800 | 9,363,200 | 8,025,600 | 6,688,000 | 5,350,400 | 4,012,800 | 2,675,200 | 1,337,600 | - |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 380,538 | 304,431 | 228,323 | 152,215 | 76,108 | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 380,538 | 304,431 | 228,323 | 152,215 | 76,108 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | **20,743,259** | **32,608,912** | **39,018,708** | **48,798,678** | **60,897,392** | **75,658,894** | **96,589,762** | **119,067,944** | **143,796,442** | **171,035,305** | **198,869,504** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 5,779,114 | 7,107,326 | 8,385,294 | 9,859,209 | 11,558,244 | 13,464,998 | 14,953,060 | 16,583,231 | 18,404,740 | 18,270,657 |
| Short term debt | - | 1,492,261 | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Current Liabilities | - | 7,271,375 | 7,107,326 | 8,385,294 | 9,859,209 | 11,558,244 | 13,464,998 | 14,953,060 | 16,583,231 | 18,404,740 | 18,270,657 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Long term debt (Project Loan) | 6,878,269 | 5,897,403 | 4,749,927 | 3,407,544 | 1,837,145 | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | 3,493,360 | 2,995,194 | 2,412,410 | 1,730,636 | 933,056 | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 10,371,629 | 8,892,597 | 7,162,338 | 5,138,179 | 2,770,200 | - | - | - | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 | 10,371,629 |
| Retained earnings | | 6,073,311 | 14,377,414 | 24,903,575 | 37,896,353 | 53,729,020 | 72,753,134 | 93,743,255 | 116,841,582 | 142,258,935 | 170,227,218 |
| Total Equity | 10,371,629 | 16,444,940 | 24,749,044 | 35,275,205 | 48,267,983 | 64,100,650 | 83,124,764 | 104,114,884 | 127,213,211 | 152,630,565 | 180,598,848 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **20,743,259** | **32,608,912** | **39,018,708** | **48,798,678** | **60,897,392** | **75,658,894** | **96,589,762** | **119,067,944** | **143,796,442** | **171,035,305** | **198,869,504** |

## 12.3۔ گردشِ نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

| Cash Flow Statement | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 6,073,311 | 8,304,103 | 10,526,161 | 12,992,778 | 15,832,667 | 19,024,114 | 20,990,121 | 23,098,327 | 25,417,354 | 27,968,283 |
| Add: depreciation expense | | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 | 1,337,600 |
| amortization of pre-operating costs | | 76,108 | 76,108 | 76,108 | 76,108 | 76,108 | - | - | - | - | - |
| amortization of training costs | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Deferred income tax | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | | (6,368,322) | (720,886) | (1,398,559) | (1,451,829) | (1,657,317) | (1,889,385) | (1,748,369) | (1,540,985) | (1,677,565) | (1,845,322) |
| Finished goods inventory | | (5,938,705) | (1,051,212) | (1,202,067) | (1,372,581) | (1,565,177) | (1,782,567) | (1,291,231) | (1,420,354) | (1,562,389) | (1,718,628) |
| Equipment inventory | (30,747) | (10,732) | (12,066) | (15,304) | (19,370) | (24,470) | (23,964) | (28,697) | (34,723) | (42,015) | 242,088 |
| Raw material inventory | (5,516,806) | (1,925,571) | (2,164,923) | (2,745,982) | (3,475,612) | (4,390,590) | (4,299,862) | (5,149,063) | (6,230,366) | (7,538,742) | 43,437,516 |
| Pre-paid building rent | (432,000) | (43,200) | (47,520) | (52,272) | (57,499) | (63,249) | (69,574) | (76,531) | (84,185) | (92,603) | 1,018,633 |
| Accounts payable | | 5,779,114 | 1,328,212 | 1,277,968 | 1,473,915 | 1,699,035 | 1,906,754 | 1,488,062 | 1,630,171 | 1,821,510 | (134,083) |
| Other liabilities | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by operations | (5,979,552) | (1,020,397) | 7,049,417 | 7,803,653 | 9,503,508 | 11,244,606 | 14,203,116 | 15,521,892 | 16,755,485 | 17,663,148 | 70,306,087 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | (980,867) | (1,147,475) | (1,342,384) | (1,570,399) | (1,837,145) | - | - | - | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | (498,166) | (582,784) | (681,775) | (797,580) | (933,056) | - | - | - | - | - |
| Short term debt principal repayment | | - | (1,492,261) | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 6,878,269 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | 3,493,360 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 10,371,629 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | | | | | | | | | | | |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 20,743,259 | (1,479,033) | (3,222,520) | (2,024,158) | (2,367,979) | (2,770,200) | - | - | - | - | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (13,756,538) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (13,756,538) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| NET CASH | **1,007,168** | (2,499,429) | 3,826,897 | 5,779,495 | 7,135,529 | 8,474,406 | 14,203,116 | 15,521,892 | 16,755,485 | 17,663,148 | 70,306,087 |

## 13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 13.1۔ روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| انتظامی بہبود کے اخراجات | 10.0 فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| سفری اخراجات | 30 فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| نقل وحمل کے اخراجات | انتظامی اخراجات کا 10 فیصد |
| دفتر کی گاڑی کے اخراجات | گاڑی کی قیمت کا 3.0 فیصد |
| دفتری اخراجات | 10.0 فیصد (انتظامی اخراجات کا) |
| تشہیری اخراجات | 1.0 فیصد آمدنی کا |
| پروفیشنل فیس (لیگل، آڈکٹ، کنسلٹنٹس وغیرہ) | 0.5 فیصد آمدنی کا |
| ناقابل وصول | 1.0 فیصد آمدنی کا |

### 13.2۔ آمدنی کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قیمت فروخت میں اضافہ | 10 فیصد |
| قابل عمل دن (سالانہ) | 330 |
| پیداواری صلاحیت (سالانہ) | 220,000,000 ٹانکے |
| پیداواری صلاحیت (پہلے سال) | 70 فیصد |
| پیداواری صلاحیت میں اضافہ (سالانہ) | 5 فیصد |
| زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت | 95 فیصد |

### 13.3۔ مالیاتی مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قرضہ | 50 فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 50 فیصد |
| قرضہ پر شرح سود | 16 فیصد |
| قرضہ کی مدت واپسی | 5 سال |
| قرضہ کی ادائیگی کی اقساط (سالانہ) | 4 |